# 28-08-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ریاستی سکریٹریٹ کے احاطہ میں نو ڈسمبر کو تلنگانہ تلی مجسمہ کی رونمائی عمل میں آئے گی۔

☆ کابینہ نے بارہ نئے گرین فیلڈ صنعتی اسمارٹ شہروں کو منظوری دی ہے جن میں تلنگانہ کا ضلع ظہیرآباد بھی شامل ہے۔

☆سی پی آئی کے ریاستی یونٹ سکریٹری وایم ایل اے سامبا شیوا راؤ نے ریاست بھر میں واقع آبی ذخائر میں غیر قانونی تعمیرات کے سلسلہ میں وائیٹ پیپر جاری کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

☆بی آر ایس ایم ایل سی کویتا جونئی دہلی کی تہاڑ جیل سے کل رہا ہوئی تھیں، آج شام حیدرآباد پہونچیں۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاستی سکریٹریٹ کے احاطہ میں تلنگانہ تلی کے مجسمہ کی 9 ڈسمبر کو رونمائی کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ ریاست کو الگ کرنے کا عمل 9 ڈسمبر 2009ء کو شروع ہوا تھا جبکہ سینئر کانگریس لیڈر سونیا گاندھی کی سالگرہ بھی اُسی دن ہے جنہوں نے تلنگانہ کے قیام میں اہم رول ادا کیا ہے۔ سکریٹریٹ میں مذکورہ مجسمہ کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد سی ایم نے یہ کہتے ہوئے پیشرو بی آر ایس حکومت کی تنقید کی کہ اپنے دورِ حکمرانی میں تقریباً 22 لاکھ کروڑ روپے خرچ کرنے کے باوجود تلنگانہ تلی مجسمہ کی تنصیب کے لئے ایک کروڑ روپئے بھی خرچ نہیں کئے گئے۔ ریونت نے مزید کہا کہ مجسمہ کو نصب کرنے کے لئے سنگ بنیاد کا فیصلہ ویدک اسکالرس نے کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے اس بات کا اظہار کرتے ہوئے کہ ٹینک بنڈ پر سابق وزیراعظم راجیو گاندھی کا مجسمہ غائب ہے' جنہوں نے ملک کے لئے اپنی جان قربان کردی' کہا کہ حکومت نے تلنگانہ تلی کے ساتھ سکریٹریٹ کے احاطہ میں راجیو گاندھی کا مجسمہ بھی نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ریڈی نے اس بات کا اعادہ کیا کہ حکومت' تلنگانہ تلی مجسمہ کی تنصیب کے ذریعہ ریاست کی ثقافت کو نمایاں کرنے کے لئے پرعزم ہے۔تلنگانہ تلی مجسمہ کا ڈیزائن جے این ٹی یو فائن آرٹس محکمہ کی جانب سے تیار کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد سٹی سکیوریٹی کونسل (ایچ سی ایس سی) نے آج اعلان کیا ہے کہ قومی فزیکل سکیوریٹی سمٹ 2024ء جاریہ ماہ کی 30 تاریخ کو حیدرآباد میں منعقد کی جائے گی۔ موجودہ ڈیجیٹل دور میں منعقد ہونے والا یہ پروگرام فلیگ شپ نوعیت کا ہوگا جس کے ذریعہ محفوظ سماج کے مقصد کے ساتھ شہریوں کی حفظان صحت پر توجہ دی جائے گی۔ سٹی پولیس کمشنر سرینواسا ریڈی نے فزیکل سکیورٹی فورم کا ایک سرکاری لوگو جاری کیا۔ یہ، حیدرآباد سٹی سکیورٹی کونسل کا ایک سرگرم فورم ہے۔ مذکورہ سمیٹ کے دوران فزیکل سکیورٹی میں تیزی سے بدلتے حالات کے تعلق سے مختلف پیانل مباحث ہوں گے۔

☆☆☆☆☆

کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کے ریاستی یونٹ سکریٹری وایم ایل اے سامبا شیوا راؤ نے ریاست بھر میں آبی وسائل میں موجود غیر مجاز قبضہ جات کے تعلق سے آج وائیٹ پیپر جاری کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ حمایت نگر میں واقع پارٹی آفس میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے سامبا شیوا راؤ نے حیدرا کے کمشنر رنگاناتھ کی کاوشوں کی ستائش کی تاہم غیر قانونی تعمیرات کی اجازت دینے والے عہدیداروں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے حیدرا پر اس بات کیلئے بھی زور دیا کہ دونوں شہروں حیدرآباد و سکندرآباد کی جھیلوں اور تالابوں میں غیر قانونی قبضہ جات کی فہرست جاری کی جائے۔ سی پی آئی کے ریاستی سکریٹری نے کانگریس حکومت سے یہ مطالبہ بھی کیا کہ تمام کسانوں کے لئے بناء کسی شرط زرعی قرضہ جات کو معاف کرنے سے متعلق اپنے انتخابی وعدہ کو پورا کیا جائے۔ انہوں نے حکومت سے سترہ ستمبر کو سرکاری طور پر حیدرآباد کا یوم آزادی منائے جانے کا بھی مطالبہ کیا۔

☆☆☆☆☆

بھارت راشٹر اسمیتی کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ نے کانگریس کے لیڈرس کے ان دعوؤں پر شدید برہمی کا اظہار کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ایم ایل سی کویتا کو بی آر ایس اور بی جے پی کے درمیان اتحاد کی بناء پر ضمانت ملی ہے ۔ کے ٹی آر نے آج ایک بیان میں کانگریس لیڈرس پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ بے بنیاد بیانات کے ذریعہ سیاسی فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر بی جے پی سے اتحاد کی بناء پر کویتا کی ضمانت ہوئی ہے تب نیشنل ہیرالڈ کیس میں ڈسمبر 2015 میں سونیا گاندھی اور راہول گاندھی کو ہوئی ضمانت کے بارے میں کیا کہا جا سکتا ہے ۔

☆☆☆☆☆

اسکیل ڈیولپمنٹ اور چھوٹی تجارتوں کے مرکزی سکریٹری اتول کمار تیواری نے کہا ہے کہ کام کے مقامات پر خواتین کی حصہ داری ملک کی معیشت کی ترقی میں ایک اہم کردار رکھتی ہے ۔ نئی دہلی میں آج خواتین اور لڑکیوں سے متعلق ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے خواتین کے لئے اسکیل ڈیولپمنٹ کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ اسکیل ڈیولپمنٹ و چھوٹی تجارتوں کی وزارت اور خواتین و بہبود اطفال کی وزارت نے ایک یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے ہیں تا کہ ٹریننگ، تعلیم، مالی مواقع جیسے چیلنجس سے نمٹا جا سکے ۔ خواتین و بہبود اطفال کے سکریٹری انیل ملک نے بتایا کہ پہلے مرحلہ کے دوران انیس ریاستوں سے تعلق رکھنے والی تقریباً چار ہزار خواتین کو تین ماہ تک تربیت دی جائے گی ۔

☆☆☆☆☆

مرکزی کابینہ نے بارہ نئے گرین فیلڈ صنعتی اسمارٹ شہروں کی منظوری دی ہے جن میں تلنگانہ کا ضلع ظہیر آباد بھی شامل ہے ۔ یہ منظوری قومی صنعتی کاریڈور ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت دی گئی جس کے ذریعہ ملک کی صنعتی صلاحیتوں میں اضافہ کیا جائے گا ۔ نئی دہلی میں آج کابینی اجلاس کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشوینی ویشنو نے کہا کہ مذکورہ صنعتی علاقہ میں اٹھائیس ہزار چھ سو دو کروڑ روپے پر مشتمل تخمینی سرمایہ کاری کی جائے گی ۔ انہوں نے کہا کہ ان پراجکٹس سے روزگار کے راست دس لاکھ اور بالراست تیس لاکھ مواقع پیدا ہوں گے ۔

☆☆☆☆☆

گورنر جیشنو دیو ورما نے آج گرے ہانڈ کے کانسٹبل جی پرشانت کی عیادت کی جو کل ملوگو کے جنگلاتی علاقہ میں سانپ کے ڈسنے کے بعد ایک مقامی دواخانہ میں زیر علاج ہیں ۔ گورنر کے ہمراہ قبائیلی بہبود کی وزیر انوسویا اور ضلع کلکٹر دیوار کا بھی موجود تھے ۔ انہوں نے کانسٹبل کی صحت کے تعلق سے تفصیلات کی اور ڈاکٹرس سے کہا کہ بہتر علاج کیا جائے ۔ گورنر کے دورہ کے پیش نظر انتظامیہ کی جانب سے سخت سکیورٹی انتظامات کیے گئے تھے ۔ کانسٹبل پرشانت ، جنگلاتی علاقہ میں ایک متحدہ آپریشن میں شامل تھے تب ہی سانپ نے انہیں ڈس لیا ۔ بعد ازاں گورنر ضلع ہنمکنڈہ پہنچے جہاں ریونیو کے وزیر سرینواس ریڈی ، میئر سدھا رانی ، کلکٹر پراونیا اور دیگر عہدیداروں نے ان کا استقبال کیا ۔

☆☆☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے زور دے کر کہا ہے کہ حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ ایسٹس پروٹیکشن ایجنسی ( حیدرا ) کی جانب سے آبی وسائل پر موجود غیر قانونی قبضہ جات کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا اور حکومت خاطیوں کو چھوڑنے کیلئے تیار نہیں ہے ۔ انہوں نے کہا کہ بیشتر مشہور ہستیوں اور سیاسی لیڈرس جنہوں نے فارم ہاؤزس تعمیر کیے ہیں اور اپنا سیوریج کا پانی عثمان ساگر اور حمایت ساگر میں چھوڑ رہے ہیں ۔ حیدرآباد میں آج میڈیا کے نمائندوں کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے پوچھا کہ عثمان ساگر اور حمایت ساگر میں ڈرینج کا پانی چھوڑا جا رہا ہے تب عوام کو کیا پینے کیلئے یہ پانی کا استعمال کرنا چاہئے ؟ انہوں نے مزید کہا کہ عہدیدار انہدامی کارروائی کے دوران فارم ہاؤز کے مالکوں کے سیاسی پس منظر پر غور نہیں کریں گے ۔ ریونت ریڈی نے یہ بات یاد دلائی کہ اس مہم کے تحت سب سے پہلا فارم ہاؤز جو منہدم کیا گیا ، کانگریس کے سابق ایم پی ، پی راجو کا تھا ۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا جنہیں دلی شراب اسکام سے متعلق رشوت اور رقمی تغلب کے مقدمات میں سپریم کورٹ کی جانب سے کل ضمانت ملی، نئی دہلی میں واقع تہاڑ جیل سے رہا ہو کر حیدرآباد پہنچ گئی ہیں۔ راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پارٹی کیڈر نے ان کا استقبال کیا۔ کویتا نے نئی دہلی میں واقع پارٹی آفس میں کل شب، شب بسری کی۔ انہوں نے اپنی گرفتاری کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے کہا کہ بی آر ایس اور کے سی آر ٹیم غیر معمولی ہے اور سیاسی و قانونی طور پر مقابلہ جاری رہے گا۔ چھیالیس سالہ لیڈر اس وقت جذباتی ہوگئیں جب ان کے شوہر، بچوں اور بھائی کے ٹی راما راؤ نے ان کا استقبال کیا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی کابینہ نے 234 نئے شہروں میں 730 خانگی ایف ایم چینلس کے ای ہراج کو منظوری دی ہے۔ اس فیصلہ کا مقصد مادری زبان میں مقامی مواد میں اضافہ کرنا اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ وزیر اشوینی ویشنو نے کہا کہ کابینہ کے فیصلہ سے ایف ایم ریڈیو، ٹائر ٹو اور ٹائر تھری شہروں کا بھی احاطہ کرے گا۔ ان کے مطابق اس پراجکٹ کے ذریعہ مقامی صلاحیتوں پر توجہ دی جائے گی۔

☆☆☆☆☆